خالد پبلک ہائی سکول ہارون آباد

تقریر برائے جماعت ہفتم

محترم پرنسپل صاحب معزز اساتذہ کرام اور میرے عزیز ساتھیو السلام علیکم!

مجھے آج جس موضوع پر تقریر کرنے کا موقع ملا ہے اس کا عنوان ہے "بڑوں کا احترام"

عزیز ساتھیو! ہم پر بڑوں کا احترام فرض قرار دے دیا گیا ہے ہمارے بڑوں میں صرف ہمارے والدین ہی نہیں بلکہ ہمارے اساتذہ کرام ہمارے عزیز رشتے دار بھی شامل ہیں۔ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "وہ شخص ہم میں سے نہیں جو اپنے بڑوں کی عزت نہیں کرتا"

عزیز ساتھیو! ہم اس دنیا میں یہ کامیابیاں یہ عزت یہ نام و مرتبہ اپنے بڑوں کے ادب و احترام سے ہی حاصل کرتے ہیں ۔ ہمارے بڑے ہمیں زندگی کے ہر میدان میں رہنمائی دیتے ہیں۔ ہمیں بڑوں کی اطاعت اور فرمانبرداری کرنی چاہیے۔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جو بڑوں کی عزت نہیں کرتا وہ ہم میں سے نہیں"۔ بڑوں میں سب سے زیادہ حق والدین کا ہے۔ ان کی سب سے زیادہ اطاعت کرنی چاہئے۔ جب بچہ اپنے والدین کی اطاعت نہیں کرتا وہ بہت نقصان اٹھاتا ہے۔

بڑوں سی کوئی نعمت دنیا میں نہیں

حاصل ہو یہ نعمت تو یہ جہاں خلد بریں

ہمیں بڑوں کا احترام کرنا چاہیے کیونکہ اس سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتے ہیں۔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "جو نوجوان کسی بوڑھے بزرگ کا اس کے بڑھاپے کی وجہ سے ادب واحترام کرے تو اللہ تعالیٰ اس نوجوان کے بوڑھے ہونے کے وقت ایسے بندے مقرر کر دے گا جو اس وقت اس کا ادب واحترام کریں گے"

اگر ہم اپنے بڑوں کا احترام کریں گے تو جو عمر میں ہم سے چھوٹے ہیں وہ بھی ہمارا احترام کریں گے۔

عمر کے بوجھ سے جو لوگ دبے جاتے ہیں

ناتوانی سے جو ہر روز جھکے جاتے ہیں

والسلام